# میکاہ

### سامریہ اور اسرائیل کو سزا دی جائے گی

۱ خداوند کا کلام جو شاہانِ یہوداہ یوتام و آخز و حزقیاہ کی دورِ حکومت میں
میکاہ مورشتی پر نازل ہوا۔ میکاہ سامریہ اور یروشلم کے بارے میں اِن
رویاؤں کو دیکھا۔

۲ اے لوگو! تم سبھی سُنو ! اے زمین اور جو کچھ زمین پر ہے،
سن! میرا مالک خداوند اس مقدس ہیکل سے آئے گا۔ میرا مالک تمہاری
مخالفت میں ایک گواہ کے روپ میں آئے گا۔
۳ دیکھو! خداوند اپنے مسکن سے باہر آرہا ہے۔ وہ زمین کے بلند
مقاموں پر قدم رکھنے کے لئے آرہا ہے۔
۴ خداوند خدا کے قدموں تلے پہاڑ پگھل جائیں گے، وادیاں پھٹ
کر بہنے لگے گی جیسے آگ کے سامنے موم پگھل جاتا ہے، جیسے ڈھلان سے پانی
اترتا ہوا بہتا ہے۔
۵ یہ سب یعقوب کے گناہ اور اسرائیل کی قوموں کی گناہوں کی وجہ
سے ہوگا۔ یعقوب کے گناہ کرنے کا سبب کیا ہے؟ یہ سامریہ ہے! یہوداہ
میں اونچے مقام * کہاں ہیں؟ یہ یروشلم ہے!

### سامریہ گناہ کا سبب

۶ اس لئے میں نے سامریہ کو بیرونِ شہر میں کھنڈروں میں بدل دونگا۔
وہ ایسی جگہ ہو جائے گی جس میں انگور لگائے جاتے ہیں۔ میں سامریہ
کے پتھروں کو وادی میں دھکیل دونگا اور میں اس کی بنیادوں کو باہر
کردوں گا۔
۷ انکی ساری بتوں کو توڑ کر ٹکڑے ٹکڑے کردیئے جائینگے۔ اسکی
طوائف کی اجرت کو آگ میں جلادیا جائیگا۔ میں انکے جھوٹے خداؤں کی ساری
مورتیوں کو تباہ کر دونگا۔ کیوں؟ کیونکہ سامریا میری بے وفا ہو کر کافی
دولت پاتا ہے۔ اسلئے وہ سب چیزیں انلوگوں کے ذریعہ لے لئے
جائینگے جو کہ میرا وفادار نہیں ہے۔

### میکاہ کا عظیم دکھ

۸ میں اس جلد آنے والی بربادی کے سبب پریشان ہوؤں گا اور افسوس
کروں گا۔ میں جوتے نہ پہنوں گا اور نہ ملبّس ہوں گا۔ گیدڑوں کے جیسے زور
سے چلاّؤں گا اور شتر مرغوں کی مانند غم کروں گا۔
۹ سامریہ کا زخم نہیں بھر سکتا ہے یہ یہوداہ تک پھیل گیا ہے۔ یہ
میرے لوگوں کے پھاٹک تک پہنچ گیا بلکہ یہ تو یروشلم تک آگیا ہے۔
۱۰ اس کی بات جات میں مت کرو اور عکّو میں ہر گز نوحہ نہ کرو۔
بیت عفرہ میں خاک پر لوٹو۔
۱۱ اے سفیر کی رہنے والی تو اپنی راہ برہنہ چلی جا اور شرمندہ ہو۔
ضانان کے لوگ باہر نہیں نکلیں گے۔ بیت ایضل کے لوگ روئینگے کہ
انلوگوں کی حمایت تم سے چھین لی جائیگی۔
۱۲ ماروت کی رہنے والی بھلائی کے انتظار میں تڑپتی ہے کیونکہ خداوند
کی طرف بلا نازل ہوئی جو یروشلم کی پھاٹک تک پہنچتی۔
۱۳ اے لکیس کی رہنے والی! گھوڑوں کو رتھ میں جوت۔ لکیس میں
بنت صیّون کے گناہ کا آغاز ہوئی کیونکہ اسرائیل کی خطائیں بھی تجھ میں
پائی گئیں۔
۱۴ اس لئے تجھے جات میں مورست کو وداع کے تحفہ دینے ہونگے۔
اسرائیل کے بادشاہوں نے اکذیب کے قلعوں پر بھروسہ کیا تھا لیکن وہ
مایوس ہوئے تھے۔
۱۵ اے مریسہ کی رہنے والی! تیرے خلاف میں ایک شخص کو
لاؤں گا جو تیری سب چیزوں کو چھین لے گا۔ اسرائیل کی عظمت عدلاّم
میں آئے گی۔
۱۶ اپنے بال منڈوالو! گنجا ہو جاؤ! کیونکہ تم بچّوں کے لئے جسے تم
پیار کرتے ہو نوحہ کروگے۔ اپنے گنجاپن کو بڑھاؤ کیونکہ وہ تیرے پاس سے
لیکر جلاوطنی میں لے جائے جائینگے۔

### لوگوں کے بُرے منصوبے

۲ انلوگوں پر مصیبتیں آئیں گی، جو گناہوں کے منصوبے بناتے
ہیں۔ لوگ بستر میں سوتے ہوئے منصوبے بناتے ہیں اور صبح
ہوتے ہی ان کو عمل میں لاتے ہیں۔ کیوں؟ کیونکہ ان کے پاس انہیں پورا
کرنے کی قوّت ہے۔

---

**اونچے مقام** عبرانی اِسے اونچا مقام، اورقدیم یونانی، سیریائی اورارامی اِسے گناہ
پڑھتے ہیں۔

۲ انہیں کھیت چاہئے اس لئے وہ ان کو لے لیتے ہیں۔ ان کو گھر چاہئے۔ اس لئے وہ ان کو لے لیتے ہیں۔ اور یوں آدمی اور اس کے گھر پر وہاں مرد اور اس کی میراث پر ظلم کرتے ہیں۔

### لوگوں کو سزا دینے کا خداوند کا منصوبہ

۳ اسلئے خداوند یہ باتیں کہتا ہے، ”دیکھو میں اس خاندان پر مصیبتیں ڈھانے کا منصوبہ بنا رہا ہوں۔ تم اپنے آپ کو بچا نہیں پاؤ گے۔ تم غرور کرنا چھوڑ دوگے۔ کیوں؟ کیونکہ بُرا وقت آرہا ہے۔

۴ اس وقت لوگ تیری ہنسی اڑائیں گے اور پُر درد نوحہ سے ماتم کریں گے اور کہیں گے:

’ہم برباد ہوگئے! خداوند نے میرے لوگوں کی زمین چھین لی ہے اور اسے دوسرے لوگوں کو دے دیا ہے۔ ہاں اس نے میری زمین کو مجھ سے چھین لیا ہے۔ خداوند نے ہماری زمین ہمارے دشمنوں کے بیچ بانٹ دی ہے۔

۵ اسلئے تیرے پاس قرعہ ڈال کر زمین کی سرحد معلوم کرنے کے لئے کوئی بھی شخص نہیں ہوگا۔ جب خدا کے لوگ جمع ہونگے۔‘“

### میکاہ کو نصیحت کرنے سے منع کرنا

۶ لوگ کہا کرتے ہیں، ”تم ہم کو نصیحت مت کر۔ انہیں ایسے نہیں کہنا چاہئے، ہم پر کوئی بھی بُری بات نہیں پڑے گی۔“

۷ اے بنی یعقوب! کیا یہ کہا جائے گا کہ خداوند بے صبر ہے کیا؟ اس کے یہ سب کام ہیں؟ میرے کلام نیک لوگوں کے لئے اچھا کرتا ہے۔

### خداوند کے لوگ خدا کے دشمن ہوگئے

۸ لیکن ابھی حال میں میرے ہی لوگ میرے دشمن ہوگئے ہیں۔ تم راہ گیروں کے کپڑے اتارتے ہو۔ جو لوگ سوچتے ہیں کہ وہ محفوظ ہیں۔ مگر تم ان سے ہی چیزیں چھینتے ہو جیسے وہ جنگی قیدی ہیں۔

۹ میرے لوگوں کی عورتوں کو تم نے ان کے گھر سے نکل جانے پر مجبور کیا، جو گھر خوبصورت اور آرام دہ تھے۔ اور تم نے میرے جلال کو ان کے بچّوں پر سے ہمیشہ کے لئے دور کر دیا۔

۱۰ اٹھو اور یہاں سے بھاگو! یہ تمہارا آرام گاہ نہیں ہوگا۔ کیونکہ ناپاکی سے تم نے اس جگہ کو تباہ کر دیا! یہ بہت خطرناک تباہی ہوگی۔

۱۱ اگر کوئی جھوٹا نبی آئے اور یہ کہتے ہوئے جھوٹ بولے، ”میں شراب اور نشہ کے بارے میں تمہیں نصیحت کرونگا، تو وہ انلوگوں کا نصیحت کار ہوسکتا ہے۔“

### خداوند اپنے لوگوں کو یکجا کرے گا

۱۲ ہاں اے نبی یعقوب! میں تم سب کو ہی اکٹھا کر دوں گا۔ میں اسرائیل کے بچے ہوئے لوگوں کو یکجا کروں گا۔ میں ان کو بصرہ کی بھیڑوں اور چراگاہ کے گلّہ کی مانند اکٹھا کروں گا اور آدمیوں کا بڑا شور ہوگا۔

۱۳ ”توڑنے والا، *“ انلوگوں کے آگے جاتا ہے۔ وہ لوگ پھاٹکوں کو توڑ کر اس سے گذریگا۔ ان لوگوں کا بادشاہ ان لوگوں سے آگے اس سے ہو کر گذر جائے گا۔ یعنی خداوند انلوگوں کے آگے ہوگا۔

### اسرائیل کے قائد برائی کے مجرم ہیں

۳ پھر میں نے کہا، ”اے یعقوب کے سردار اب سنو! اے بنی اسرائیل کے قائدینو، اب سنو! تم کو جاننا چاہئے کہ عدالت کیا ہوتی ہے؟

۲ لیکن تم کو نیکی سے نفرت ہے اور تم لوگوں کی کھال تک اتار لیتے ہو۔ تم لوگوں کی ہڈیوں سے گوشت نوچ لیتے ہو۔

۳ تم نے میرے لوگوں کا گوشت کھایا۔ تم ان کی کھال ان سے اتار رہے ہو اور ان کی ہڈیاں توڑ رہے ہو۔ تم ان کی ہڈیاں ایسے توڑ رہے ہو جیسے ہانڈی میں گوشت چڑھایا جاتا ہے۔

۴ تم خداوند سے فریاد کروگے لیکن وہ تمہیں جواب دے گا۔ نہیں! خداوند اپنا منہ تم سے چھپائے گا۔ کیوں؟ کیونکہ تم نے بُرا عمل کیا ہے۔“

### جھوٹے نبی

۵ جھوٹے نبی خداوند کے لوگوں کی زندگی گمراہ کریں گے۔ خداوند ان جھوٹے نبیوں کے بارے میں یہ کہتا ہے:

”اگر لوگ ان نبیوں کو کھانے کو دیتے ہیں، تو وہ چلاّ کر سلامتی سلامتی پکارتے ہیں۔ لیکن اگر لوگ انہیں کھانے کو نہیں دیتے ہیں تو فوج کو ان کے خلاف لڑنے کو تیّار کرتے ہیں۔

۶ اس لئے یہ تمہارے لئے رات سی ہوگی۔ جس میں رویا نہ دیکھو گے اور تم پر تاریکی چھا جائے گی۔ اور تم مستقبل کی پیشین گوئی نہ کر سکو گے۔ نبیوں پر آفتاب غروب ہوگا اور ان کے لئے دن اندھیرا ہو جائے گا۔

۷ تب (غیب بین ) مستقبل کی پیشین گوئی کرنے والا اور فالگیر شرمندہ ہونگے۔ ہاں وہ سبھی اپنا منہ بند کرلیں گے۔ کیوں؟ کیونکہ وہاں خدا کی جانب سے کوئی جواب نہ ہوگا۔

---

**توڑنے والا** توڑنے والا قائد ہے۔ شاید کہ مسیحا۔

### میکاہ خدا کا سچّا نبی ہے

۸ لیکن خداوند کی روح نے مجھ کو قوّت، انصاف اور طاقت سے معمور
کیا تاکہ یعقوب کو اس کا گناہ اور اسرائیل کو اس کے گناہوں کے بارے
میں کہہ سکوں۔

### اسرائیل کے قائد قصوروار ہیں

۹ اے یعقوب کے خاندان کے سردار اور اے بنی اسرائیل کے
خاندان کے قائدینو! تم میری بات سنو۔ تم راستی سے نفرت کرتے ہو۔
اگر کوئی شئے سیدھی ہو تو تم اسے ٹیڑھی کر دیتے ہو۔
۱۰ تم نے صیّون کی تعمیر خون ریزی سے کی۔ تم نے یروشلم کو
گناہ کے راستے بنایا تھا۔
۱۱ یروشلم کے مصنف رشوت لے کر جھوٹی فیصلہ کرتے ہیں۔
اور اس کے کاہن اجرت لے کر تعلیم دیتے ہیں اور اس کے نبی روپیہ لے
کر پیشین گوئی کرتے ہیں۔ وہ قائدین اب خداوند پر منحصر کرتے ہیں
اور کہتے ہیں، "کیا خداوند ہمارے درمیان نہیں؟ اسلئے ہم لوگوں کے لئے
کچھ بُرا نہیں ہوگا۔"
۱۲ تمہارے ہی سبب صیّون سپاٹ چراگاہ جائے گا۔ یروشلم
پتھروں کا ٹیلہ بن جائے گا، اور اس ہیکل کی پہاڑ جنگل کی پہاڑی ہوجائیگی۔

### شریعت یروشلم سے آئے گی

۴ آخری دنوں میں خداوند کی ہیکل کا پہاڑ سبھی پہاڑوں میں بہت
زیادہ اونچا ہوگا۔ اسے دوسرے پہاڑوں کے اوپر اٹھا دیا جائے گا۔
دوسرے ملکوں کے لوگ لگاتار آتے رہینگے۔
۲ اور بہت سی قومیں آئیں گی اور کہیں گی، "آؤ! خداوند کے پہاڑ پر
چڑھیں گے اور یعقوب کے خدا کے گھر تک جائینگے اور وہ اپنی راہیں ہم کو
سکھائے گا اور ہم اس کے راستوں پر چلیں گے۔"

کیونکہ شریعت صیّون سے اور خداوند کا پیغام یروشلم سے صادر ہوگا۔
۳ اور خدا بہت سے قوموں کے بیچ انصاف کریگا۔ اور دور کی
زور آور قوموں کا فیصلہ کرے گا اور وہ اپنی تلواروں کو پیٹ کر ہل کا پھال اور
اپنی بھالوں کو درانتی بناڈالیں گے اور قوم دوسری قوم پر تلوار نہ چلائے
گی پھر وہ کبھی جنگ کرنا نہ سیکھیں گے۔
۴ لیکن ہر کوئی اپنے انگور کی بیلوں تلے اور انجیر کے پیڑ کے نیچے
بیٹھا کرے گا۔ کوئی بھی شخص انہیں ڈرا نہیں پائے گا۔ کیوں؟ کیونکہ
خداوند قادرِ مطلق نے یہ کہا ہے۔

۵ ہر ایک دوسری قومیں اپنے اپنے معبودوں کو مانیں گے۔ لیکن ہم
اپنے خداوند خدا کو ابدالآباد تک مانیں گے۔

### اس سلطنت کو دوبارہ لانا ہے

۶ خداوند کہتا ہے، "یروشلم پر حملہ ہوا اور وہ لنگڑا ہوگیا۔ یروشلم کو
پھینک دیا گیا تھا۔ یروشلم کو نقصان پہنچایا گیا اور اس کی سزادی۔ لیکن
میں اس کو پھر اپنے پاس واپس لے آؤں گا۔
۷ اور لنگڑوں کو پسماندوں اور جلاوطنوں کو زور آور قوم بناؤں گا۔"
خداوند ان کا بادشاہ ہوگا۔ اور وہ صیّون کے پہاڑ پر ابد الآباد سلطنت
کرے گا۔
۸ اے گلّہ کے پہرے کا بُرج! اے صیّون کے اوفل پہاڑی۔ تم
پھر سے حکومت کی نشست ہوگے۔ ماضی کی طرح دفتر یروشلم کی سلطنت
تجھے ملے گی۔"

### اسرائیلیوں کو بابل کے پاس ہی کیوں ضرور جانا چاہئے؟

۹ اب تم کیوں اتنی اونچی آواز میں پکار رہے ہو؟ کیا تمہارا بادشاہ جاتا
رہا ہے؟ کیا تم نے اپنا حاکم کھودیا ہے؟ تم ایسے تڑپ رہے ہو؟ جیسے کوئی
عورت دردِ زہ میں تڑپتی ہے۔
۱۰ اے بنت صیّون حاملہ عورت کے مانند درد جھیل اور دردِ زہ میں
مبتلا ہو کیونکہ تو اب شہر سے خارج ہو کر کھیت میں رہے گی اور بابل تک
جائے گی۔ وہاں تو رہائی پائے گی اور وہیں خداوند تجھ کو دشمنوں کے ہاتھ
سے چھڑائے گا۔

### دوسری قوموں کو خداوند فنا کرے گا

۱۱ لیکن اب تجھ سے لڑنے کے لئے کئی قومیں جمع ہوئی۔ وہ کہتی
ہیں، "دیکھو، صیّون وہاں ہے اس پر حملہ کرو!"
۱۲ ان سب قوموں نے اپنے منصوبے بنائیں ہیں، لیکن انہیں ان
باتوں کا پتا نہیں جن کے بارے میں خداوند منصوبہ بنارہا ہے۔ خداوند ان
لوگوں کو کسی خاص استعمال کے لئے یہاں لایا۔ وہ لوگ ویسے کچل دیئے
جائیں گے جیسے کھلیان میں اناج کے پولوں کو کچلا جاتا ہے۔

### اسرائیل اپنے دشمنوں کو شکست دیگا

۱۳ "اے بنتِ صیّون! ان لوگوں کو کچلنا شروع کر! میں تمہیں بہت
زور آور بناؤں گا۔ تو ایسی ہوگی مانو جیسے لوہے کے سنگ اور پیتل کے
کھُڑ والے سانڈ۔ تو مار مار کر بہت سارے لوگوں کی دھجّیاں اڑادے گی۔ تو

ان کی دولت کو خداوند کے حوالے کرے گی۔ تو ان کے خزانے، ساری
زمین کے خداوند کے سپرد کرے گی۔"

**۵** اے بنتِ افواج * اب فوجوں میں جمع ہو۔ ہمارا محاصرہ کیا جاتا
ہے۔ وہ اسرائیل کے حاکم کے گال پر چھڑی سے مارے گا۔

## بیت اللحم میں مسیح جنم لے گا

۲ اے بیت اللحم افراتاہ! تو یہوداہ کے ایک چھوٹے خاندانی گروہ کا
ایک چھوٹا قصبہ ہے۔ لیکن تجھ سے ہی میرے لئے "اسرائیل کا حاکم"
آئے گا۔ اسکے خاندان کا ابتداء زمانہِ سابق ہاں! قدیم الایّام سے ہے۔
۳ خداوند اپنے لوگوں کو چھوڑ دیگا۔ وہ لوگ اس وقت تک جلاوطنی میں
رہیں گے جب تک کے حاملہ عورت ایک بچّہ کو جنم نہیں دے دیتی
ہے۔ تب اس کے باقی بھائی بنی اسرائیل میں آملیں گے۔
۴ تب اسرائیل کا حاکم کھڑا ہوگا اور جھنڈ کی دیکھ ریکھ کریگا۔ وہ اِسے
خداوند کی قدرت سے اور خداوند اپنے خدا کی جاہ و جلال سے اِسے کریگا۔ وہاں
سلامتی ہوگی۔ کیونکہ اس وقت میں اس کا جلال انتہائی زمین تک ہوگا۔
۵ وہاں امن قائم رہے گا۔ اگر اسور کی فوج ہمارے ملک میں آئے گی
اووہ فوج ہمارے قصروں کو توڑے گی ہم لوگ سات چرواہوں اور آٹھ
شریفوں کو چنیں گے۔
۶ اور وہ اسور کے ملک کو اور نمرُود کی سرزمین کے میدان کے مدخلوں
کو تلوار سے ویران کریں گے۔ اور جب اسور ہمارے ملک میں آکر ہماری
حدود کو پائمال کرے گا تو وہ ہم کو رہائی بخشے گا۔
۷ پھر بہت سے لوگوں کے بیچ میں یعقوب کے بچے ہوئے لوگ کئی
قوموں کے بیچ اوس کی بوند جیسے ہونگے جو خداوند کی جانب سے آئی ہو۔ وہ
گھاس کے اوپر بارش کی بوندوں کے مانند ہوں گے۔ وہ نہ لوگوں پر
انحصار کریں گے، اور نہ ہی وہ کسی کے منتظر رہیں گے۔
۸ یعقوب کے بچے ہوئے لوگ مختلف قوموں اور جماعتوں میں ایسے
بکھرے ہوئے ہونگے جیسے شیر جنگل کے دوسرے جانوروں کے درمیان۔ وہ
بھیڑوں کے جھنڈ کے بیچ جوان شیر کے مانند ہونگے۔ جب وہ انکے درمیان
جاتا ہے یہ اسکے شکار پر حملہ کرتا ہے۔ اور مار ڈالتا ہے۔ اور کوئی بھی اس جانور
کو بچانے کا لائق نہ ہوگا۔
۹ تم اپنے ہاتھ اپنے دشمنوں پر اٹھاؤ گے اور تم ان کو برباد کر ڈالو
گے۔

## لوگ خدا کے بھروسے رہیں گے

۱۰ خداوند فرماتا ہے: "اس وقت میں تمہارے گھوڑے سے دور
کرلونگا۔ تمہاری رتھوں کو برباد کر ڈالوں گا۔
۱۱ میں تمہارے ملک کے شہروں کو اجاڑ دونگا، میں تمہارے سبھی
قلعوں کو مسمار کردوں گا۔
۱۲ میں تمہاری زمین سے نجومی کو نیست و نابود کر دونگا۔ تب پھر
مستقبل کے بارے میں رجوع کرنے والا اور کوئی نہ ہوگا۔
۱۳ میں تمہارے جھوٹے خداؤں * کی مورتیں فنا کروں گا۔ تمہارے
جھوٹے خداؤں کی ستون تمہارے درمیان سے نیست و نابود کردوں گا اور تم
پھر اپنی دستکاری کی عبادت نہ کروگے۔
۱۴ میں تمہارے درمیان سے آشیرہ کے ستونوں کو برباد کر دونگا۔
میں تمہارے سب جھوٹے دیوتاؤں کو نیست و نابود کردوں گا۔"
۱۵ کچھ لوگ ایسے ہونگے جو میری نہیں سنیں گے۔ میں ان پر غصّہ
کروں گا اور میں ان سے بدلہ لوں گا۔

## خداوند کی شکایت

**۶** اب خداوند جو کہتا ہے اُسے سنو! پہاڑوں کے سامنے کھڑے
ہوجاؤ اور پھر ان کو اپنی جانب کی کہانی کو سناؤ، پہاڑیوں کو
تم اپنا قصّہ سناؤ۔
۲ خداوند کو اپنے لوگوں سے ایک شکایت ہے۔ اے پہاڑو! تم خداوند
کی شکایت کو سنو! اے زمین کی بنیادو! خداوند کی شکایت کو سنو! وہ دعوٰی
کرے گا کہ اسرائیل مجرم ہے۔
۳ خداوند کہتا ہے: "اے میرے لوگو! کیا میں نے کبھی تمہارا بُرا کیا
ہے؟ میں نے کیسے تمہاری زندگی کٹھن کی ہے؟ مجھے بتاؤ، میں نے
تمہارے ساتھ کیا کیا ہے؟
۴ میں تم کو بتاتا ہوں جو میں نے تمہارے ساتھ کیا ہے۔ میں تمہیں
مصر کی زمین سے نکال لایا۔ میں نے تمہیں غلامی سے نجات دلائی تھی۔ میں
نے تمہارے پاس موسیٰ، ہارون اور مریم کو بھیجا تھا۔
۵ اے میرے لوگو! موآب کے بادشاہ بلق، منصوبے یاد کرو۔ وہ
باتیں یاد کرو جو بلعام بن بعور نے بلق سے کہی تھیں۔ وہ باتیں یاد کرو جو
شِطّیم سے جلجال تک ہوئی تھیں۔ تبھی سمجھ پاؤ گے کہ خداوند راست
ہے۔"

---

**اے بنتِ افواج** فوجی ٹولیوں کی بیٹی۔

**جھوٹے خداؤں** اسکا مطلب یہ بھی ہو سکتا ہے: تمہارے دشمن یا تمہارے شہر جہاں تیرے بتوں کی ہیکل کھڑی ہے۔

### خدا ہم سے کیا چاہتا ہے؟

۶ جب میں خداوند کے سامنے جاؤں اور جب میں آسمان کے خدا کے سامنے سجدہ کروں، تو خدا کے سامنے اپنے ساتھ کیا لے جاؤں؟ کیا ایک سالہ بچھڑوں کو جلانے کا نذرانہ کے طور پر لے جاؤں؟

۷ کیا خداوند ہزاروں مینڈھوں سے یا تیل کی دس ہزار نہروں سے خوش ہوگا؟ کیا میں اپنے پہلو ٹھے کو اپنے گناہ کے عوض میں اور اپنی اولاد کو اپنی جان کی گناہ کے بدلہ میں دیدوں؟

۸ اے انسان اسنے تم کو وہی کہا جو اچھا ہے۔ خداوند امید کرتا ہے کہ تم انصاف کروگے دوسرے پر رحم کروگے۔ اپنے خدا کے ساتھ خاکساری سے چلو۔

### اسرائیلی کیا کر رہے تھے؟

۹ خداوند کی آواز شہر کو پکار رہی ہے۔ دانشمند شخص خداوند کے نام کا لحاظ رکھتا ہے۔ اسلئے سزا کی چھڑی اور اس کے پکڑنے والے پر توجّہ دو۔ *

۱۰ کیا اب بھی شریر اپنے چرائے خزانے کو چھپا رہے ہیں؟ کیا شریر اب بھی لوگوں کو ان ٹوکریوں سے دغا دیتے ہیں جو بہت چھوٹی ہیں؟ (جی ہاں یہ تمام باتیں اب بھی ہو رہی ہیں۔)

۱۱ کیا میں ان بُرے لوگوں کو معصوم قرار دوں جو دغا کی ترازو اور جھوٹے باٹوں کا تھیلا رکھتے ہیں۔

۱۲ اس شہر کے امیر لوگ ابھی بھی ظلم کرتے ہیں۔ اس کے لوگ ابھی بھی جھوٹ بولا کرتے ہیں۔ ہاں وہ لوگ من گھڑت باتیں کیا کرتے ہیں۔

۱۳ اس لئے میں نے تمہیں سزا دینی شروع کر دی ہے۔ میں تمہیں تمہارے گناہوں کی وجہ سے نیست و نابود کردوں گا۔

۱۴ تم کھانا کھاؤ گے لیکن تمہارا پیٹ نہیں بھرے گا۔ تم پھر بھی بھوکے رہوگے۔ * تم لوگوں کو بچانے اور انہیں گھر واپس آنے میں مدد کرنے کی کوشش کروگے، لیکن تم جیسے بھی بچاؤ گے میں اسے تلوار کے حوالے کروں گا۔

۱۵ تم اپنے بیج بوؤ گے لیکن تم ان سے خوراک نہیں حاصل کرو گے۔ تم زیتون کو روندوگے لیکن تم تیل استعمال نہیں کر پاؤ گے۔ تم اپنے انگور کچلو گے لیکن تم کو مئے نہیں پی پاؤ گے۔

۱۶ کیوں؟ کیونکہ تم نے عمری کے قوانین اور اخی اب کے خاندان کے اعمال جسے وہ کرتے ہیں کی پیروی کرتے ہو۔ اور تم ان کی تعلیمات پر چلتے ہو اسلئے میں تمہیں برباد کردونگا۔ تمہارے ساتھ حقارت کا معاملہ کیا جائیگا۔ جو تیری تباہی کو دیکھیں گے انکے ذریعہ تیری ہنسی اڑائی جائیگی۔ تب تم اس شرمندگی کو جھیلو گے جسے دوسری قوم لائینگے۔ *

### لوگوں کے گناہوں پر میکاہ کی پریشانی

۷ میں پریشان ہوں۔ کیوں؟ کیونکہ میں گرمی کے اس پھل کی مانند ہوں جسے اب تک جمع کر لیا گیا ہے۔ میں ان انگوروں کی مانند ہوں جنہیں توڑ لیا گیا ہے۔ اب وہاں کوئی انگور کھانے کو نہیں بچے ہیں اور نہ پہلا پکّا دل پسند انجیر ہے۔

۲ اس کا مطلب یہ ہے کہ سبھی سچّے لوگ غائب ہوگئے ہیں۔ کوئی بھی راستباز اس ملک میں نہیں بچا ہے۔ ہر شخص کسی دوسرے کو مارنے کی گھات میں رہتا ہے۔ ہر شخص اپنے ہی بھائی کو پھندے میں پھنسانے کا جتن کرتا ہے۔

۳ ان کے ہاتھ بدی میں پُھرتیلے ہیں۔ حاکم رشوت مانگتے ہیں۔ ”خاص قائدین“ عدالتوں میں فیصلہ بدلنے کے لئے مال لیا کرتے ہیں۔ اور بڑے آدمی اپنے دل کی حریص باتیں کرتے ہیں اُنہیں جیسا پسند ہے وہ ویسا ہی کام کرتے ہیں۔

۴ یہاں تک کہ ان کا سب سے اچھّا آدمی کانٹوں کی جھاڑی کی مانند ہوتا ہے۔ یہاں تک کہ ان کا راستباز آدمی کانٹوں کی جھاڑی سے زیادہ عیّار ہے۔

### سزا کا دن آرہا ہے

تمہارے نبیوں نے کہا تھا کہ یہ دن آئے گا اور تمہارے پہریدار * کا دن آپہنچا ہے۔ اب تم کو سزا دی جائے گی۔ اب تم گھبرا جاؤ گے۔

۵ تم اپنے پڑوسی کا بھروسہ مت کرو۔ تم دوست کا بھروسہ مت کرو۔ اپنی بیوی تک سے کھل کر بات مت کرو۔

۶ کیونکہ بیٹا اپنے باپ کے خلاف ہوگا۔ اور بیٹی اپنی ماں کے اور بہو اپنی ساس کے خلاف ہو گی۔ اور لوگوں کا دشمن انکے خاندان ہی کے لوگوں میں سے ہوگا۔

---

**اسلئے…دو** ”یہاں پر عبرانی صاف طور پر نہیں ہے۔“

**تم…رہوگے** عبرانی میں یہ صاف طور پر ظاہر نہیں ہے۔

**تب… لائینگے** ادبی طور پر اسلئے تم اس رسوا کو جھیلو گے جسے تم نے میرے لوگوں کے لئے لایا تھا۔

**پہریدار** نبیوں کے لئے دوسرا نام۔ [illegible] طرح ہے۔

### خداوند نجات دہندہ ہے

۷ لیکن میں نجات کے لئے خداوند کا انتظار کروں گا۔ میں خدا کی راہ
دیکھوں گا اور مجھے یقین ہے کہ وہ مجھ کو بچالے۔ میرا خدا میری سنے گا۔
۸ میں گروں گا لیکن اے میرے دشمن میری ہنسی مت اڑا! میں پھر
کھڑا ہو جاؤں گا۔ ویسے آج تاریکی میں بیٹھا ہوں تو خداوند میرا نور ہے۔

### خداوند معاف کرتا ہے

۹ خداوند کے خلاف میں نے گناہ کیا تھا۔ اس لئے وہ مجھ پر غضبناک تھا
جب تک وہ میرا دعویٰ ثابت کر کے میرا انصاف نہ کرے۔ وہ مجھے
روشنی میں واپس لائے گا اور میں دیکھونگا کہ وہ صحیح ہے۔
۱۰ تب میرا دشمن جو مجھ سے کہتا تھا، "خداوند تیرا خدا کہاں
ہے؟" جب وہ اسے دیکھے گی تو کیا وہ شرمندہ ہوگا۔ میری آنکھیں دیکھیں
گی کہ اس پر کیا ہو رہی ہے۔ وہ گلیوں کی کیچڑ کی مانند پائمال کی جائیگی۔

### یہودی لوٹنے کو ہیں

۱۱ وہ وقت آئے گا جب تیرے فصیل کی پھر تعمیر ہوگی اس وقت
تمہاری حدود بڑھائی جائیں گی۔
۱۲ تیرے لوگ تیری زمین پر لوٹ آئیں گے۔ وہ لوگ اسور سے آئیں
گے اور وہ لوگ مصر سے آئیں گے۔ تیرے لوگ مصر اور فرات کے
دوسرے کنارے سے آئیں گے۔ وہ سمندر سے اور پہاڑوں سے آئیں گے۔
۱۳ اور زمین اپنے باشندوں کے اعمال کے سبب سے ویران ہوگی۔
۱۴ اپنے چرواہے کی عصا سے اپنے لوگوں کی دیکھ بھال کرو۔ جو
تمہارا غلّہ ہے جنگل میں تنہا رہتا ہے۔ انکے چاروں طرف ہری بھری چراگاہ
ہے۔ ان کو بسن اور جلعاد میں پہلے کی طرح چرنے دے۔

### اسرائیل اپنے دشمنوں کو شکست دے گا

۱۵ جب میں تم کو مصر سے نکال کر لا یا تھا تو میں نے بہت سے
معجزے کئے تھے۔ ویسے ہی مزید وہ معجزے تم کو دکھاؤں گا۔
۱۶ وہ معجزے قومیں دیکھیں گی اور شرمندہ ہو جائیں گی۔ وہ قومیں
دیکھیں گی کہ ان کی "قوّت" میرے سامنے کچھ نہیں ہے۔ وہ حیران رہ
جائیں گی اور وہ اپنے منہ پر ہاتھ رکھیں گے۔ ان کے کان بہرے ہوجائیں
گے۔
۱۷ وہ سانپ کی طرح خاک میں رینگیں گے۔ اور وہ اپنے چھپنے کی
جگہوں سے ناگ کے مانند تھرتھراتی ہوئی باہر آئیں گی۔ وہ خداوند
ہمارے خدا کے سامنے خوف سے آئینگے۔ ہاں، وہ تمہارا خوف اور تعظیم
کرینگے۔

### خداوند کی حمد

۱۸ تیری طرح کوئی خدا نہیں ہے۔ تو بچے ہوئے لوگوں کے
بد کردار اور گناہوں کو معاف کر دیتا ہے۔ خداوند اپنے قہر کو لمبے عرصے تک
جاری نہیں رکھے گا کیونکہ وہ ہر ایک پر رحم کرنا پسند کرتا ہے۔
۱۹ خداوند! ایک بار پھر تم ہملوگوں پر رحم کروگے۔ تم ہمارے
گناہوں کو فتح کروگے اور تم ہمارے سارے گناہوں کو اور گہرے سمندر
میں پھینک دوگے۔
۲۰ خدا یعقوب سے وفاداری کر اور ابراہیم پر شفقت دکھائے گا جس
کی بابت تو نے بہت پہلے ہی ہمارے باپ دادا سے وعدہ کیا تھا۔

# License Agreement for Bible Texts

***World Bible Translation Center***
***Last Updated: September 21, 2006***

Copyright © 2006 by World Bible Translation Center
All rights reserved.

**These Scriptures:**

- Are copyrighted by World Bible Translation Center.
- Are not public domain.
- May not be altered or modified in any form.
- May not be sold or offered for sale in any form.
- May not be used for commercial purposes (including, but not limited to, use in advertising or Web banners used for the purpose of selling online add space).
- May be distributed without modification in electronic form for non-commercial use. However, they may not be hosted on any kind of server (including a Web or ftp server) without written permission. A copy of this license (without modification) must also be included.
- May be quoted for any purpose, up to 1,000 verses, without written permission. However, the extent of quotation must not comprise a complete book nor should it amount to more than 50% of the work in which it is quoted. A copyright notice must appear on the title or copyright page using this pattern: "Taken from the HOLY BIBLE: EASY-TO-READ VERSION™ © 2006 by World Bible Translation Center, Inc. and used by permission." If the text quoted is from one of WBTC's non-English versions, the printed title of the actual text quoted will be substituted for "HOLY BIBLE: EASY-TO-READ VERSION™." The copyright notice must appear in English or be translated into another language. When quotations from WBTC's text are used in non-saleable media, such as church bulletins, orders of service, posters, transparencies or similar media, a complete copyright notice is not required, but the initials of the version (such as "ERV" for the Easy-to-Read Version™ in English) must appear at the end of each quotation.

Any use of these Scriptures other than those listed above is prohibited. For additional rights and permission for usage, such as the use of WBTC's text on a Web site, or for clarification of any of the above, please contact World Bible Translation Center in writing or by email at distribution@wbtc.com.

World Bible Translation Center
P.O. Box 820648
Fort Worth, Texas 76182, USA
Telephone: 1-817-595-1664
Toll-Free in US: 1-888-54-BIBLE
E-mail: info@wbtc.com

**WBTC's web site –** World Bible Translation Center's web site: http://www.wbtc.org

**Order online –** To order a copy of our texts online, go to: http://www.wbtc.org

**Current license agreement –** *This license is subject to change without notice. The current license can be found at:* http://www.wbtc.org/downloads/biblelicense.htm

**Trouble viewing this file –** If the text in this document does not display correctly, use Adobe Acrobat Reader 5.0 or higher. Download Adobe Acrobat Reader from: http://www.adobe.com/products/acrobat/readstep2.html

**Viewing Chinese or Korean PDFs –** To view the Chinese or Korean PDFs, it may be necessary to download the Chinese Simplified or Korean font pack from Adobe. Download the font packs from: http://www.adobe.com/products/acrobat/acrrasianfontpack.html